الادب المفرد

کتاب زندگی



حضرت امام بخاریؒ

نفیس اکیڈمی اردو بازار کراچی

کتابِ زندگی

اردو ترجمہ

الادب المفرد

اُن احادیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم و آثارِ صحابہؓ کا بیش بہا مجموعہ جو تمام تر شخصی اخلاق، خاندانی تعلقات، انسانی حقوق، معاشرے اور قومی فرائض سے متعلق ہیں

یہ کتاب ایک مسلمان مرد یا عورت کی اخلاقی زندگی کے لئے وہ سرچشمۂ ہدایت ہے جو خود ہادیٔ عالم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال و افعال پر مشتمل ہے، جسے دنیائے اسلام کے سب سے بڑے محدث حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے جمع کر کے امتِ اسلامیہ کیلئے محفوظ کیا

از
حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ

مترجم
علامہ سید عبدالقدوس ہاشمی ندوی

نفیس اکیڈمی
اسٹریچن روڈ۔ کراچی ملا (پاکستان)

آفسٹ ایڈیشن

طبع دہم ـــــــ اپریل ۱۹۸۳ء
ضخامت ـــــــ ۳۶۸ صفحات
فون نمبر ـــــــ ۲۱۳۳۰۲

قیمت

مجلد مع پلاسٹک کور ـــــــ روپے

طابع

نفیس اکیڈیمی آفسٹ پرنٹرز

کراچی، فون ۲۱۳۶۲۲

ہوا کرتی ۔ جابر بیان کرتے ہیں کہ طفیل نے اس قصہ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا۔ اس پر آپ نے دعا کی، اے اللہ اور اس کے ہاتھوں کو بھی معاف کر دے۔ آپ نے اس دعا کے لئے اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے۔

حضرت انس بن مالکؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پناہ مانگتے تھے۔ کہتے تھے کہ اے اللہؑ میں تیری پناہ چاہتا ہوں کاہلی سے میں پناہ چاہتا ہوں بزدلی سے، میں تیری پناہ چاہتا ہوں بڑھاپے سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں بخل سے۔

حضرت ابوہریرہؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا اللہ عزوجل نے فرمایا، میں بندہ کے اس خیال کے ساتھ ہوں جو میرے متعلق وہ قائم کرلیتا ہے اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے۔

(۶) سید الاستغفار (سب طرح کی طلب مغفرت کا سردار)

حضرت شداد بن اوس نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا۔ سید الاستغفار یہ دعا ہے۔ اےؑ اللہ تو میرا پروردگار ہے۔ کوئی معبود تیرے سوا نہیں۔ تو ہی نے مجھے پیدا کیا، اور میں جہاں تک میری استطاعت میں ہے تجھ سے کئے ہوئے وعدہ پر قائم ہوں۔ میں تیری نعمتوں کے ساتھ تیرے سامنے لوٹ آیا ہوں اور اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں۔ تو میرے گناہوں کو معاف کر دے۔ بجز تیرے کوئی اور گناہوں کو معاف نہیں کر سکتا۔ میں تیری پناہ چاہتا ہوں۔ تیری پیدا کی ہوئی ہر برائی سے۔ جب کوئی یہ دعا شام کو کرے اور مر جائے تو جنت میں داخل ہوگا، یا جنت والوں میں ہوگا۔

ؑ اللّٰھم انی اعوذبك من الکسل واعوذبك من الجبن واعوذبك من الھرم واعوذبك من البخل

ؑ اللّٰھم انت ربی لا الٰہ الا انت خلقتنی وانا علی عھدك ووعدك ما استطعت ابوء لك بنعمتك وابوء لك بذنبی فاغفرلی فانہ لا یغفر الذنوب الا انت اعوذبك من شر ما صنعت